**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2017**

**Urdu Compulsory Paper I**

**Time: 45 minutes Marks: 30**

AKU-EB May Examination 2017


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

**پہلا جُز سمعی مہارتیں**

**ہدایات پر غور کیجیے:**

اس جُز کا کل دورانیہ 25 منٹ ہے اور اس کے کل نمبر 16 ہیں۔ آپ کو دو اقتباسات سنائے جائیں گے۔ ہر اقتباس دو بار سنایا جائے گا۔ پہلے اقتباس نمبر 1 کو غور سے سنیں اور پھر اس اقتباس سے متعلق 8 سوالات کو پڑھیے۔ ان سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ ہوگا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 1 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے ایک صحیح دائرے کو پُر کرکے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا اس کے فوراً بعد آپ اقتباس نمبر 2 سنیں گے اور اس کے بعد اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 2 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائرں میں سے ایک صحیح دائرے کو پُر کرکے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

**اقتباس نمبر 1 سے متعلق سوالات:**

1۔ سنی گئی عبارت کے مطابق وہ کون سی چیز ہے جو گھروں سے جراثیم صاف کرتی ہے؟

A۔ درخت
B۔ آکسیجن
C۔ برقی روشنی
D۔ سورج کی روشنی

2۔ سنی گئی عبارت کے مطابق ’اصل سے دُور‘ ہونے سے کیا مراد ہے؟

A۔ خاندان سے دوری
B۔ علاقائی ماحول سے دوری
C۔ انتشار پسند ماحول سے دوری
D۔ حیات بخش قدرتی عناصر سے دوری

3۔ گھروں میں آنے والی آکسیجن اور روشنی کو کس طرح روکا گیا ہے؟

A۔ کھڑکیوں سے
B۔ دروازوں سے
C۔ قالینوں سے
D۔ پردوں سے

4۔ موجودہ طرزِ رہائش کی وجہ سے مکانوں کا کتنے فیصد حصّہ ڈھکا ہوا ہوتا ہے؟

A۔ دس فیصد
B۔ اسّی فیصد
C۔ نوّے فیصد
D۔ سو فیصد

AKU-EB May Examination 2017

5۔ سنی گئی عبارت کے مطابق دروازوں اور کھڑکیوں پر پردے ڈال کر ہم آکسیجن اور روشنی کا مزید کتنے فیصد حصّہ بند کر دیتے ہیں؟

A۔ دس فیصد
B۔ اسّی فیصد
C۔ نوے فیصد
D۔ سو فیصد

6۔ ہمیں اپنی بہتر جسمانی صحت کے لیے کون سا رویّہ اختیار کرنا چاہیے؟

A۔ گھروں میں لگے درختوں سے پیار کریں
B۔ گھروں کو نفیس انداز میں آراستہ کریں
C۔ گھروں کو جدید طرزِ رہائش پر تعمیر کرائیں
D۔ گھروں میں آکسیجن اور روشنی کو داخل ہونے دیں

7۔ سنی گئی عبارت کے مطابق زندگی میں کس چیز کو آبِ حیات کہا گیا ہے؟

A۔ پانی کو
B۔ آکسیجن کو
C۔ دھوپ کو
D۔ درختوں کو

8۔ سنی گئی عبارت کے مطابق کس کو دھوپ کی افادیت کا احساس ہے؟

A ۔ بچوں کو
B۔ جانوروں کو
C۔ بوڑھوں کو
D۔ کیڑوں کو

AKU-EB May Examination 2017

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

## اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات:

9۔ عبارت کے مطابق دوسری منزل پر کیا تھا؟

A۔ تھیٹر

B۔ چڑیا خانہ

C۔ فرنیچر کی دکان

D۔ آرائشی سامان کی دکان

10۔ خریدار کا دامن کون کھینچتا تھا؟

A۔ دکان دار

B۔ مشہور فنکار

C۔ خوب صورت اشیاء

D۔ موسیقی کی آواز

11۔ 'دامن کھینچنا' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

A۔ محاورہ

B۔ استعارہ

C۔ روزمرہ

D۔ ضرب المثل

12۔ سنی گئی عبارت کے مطابق ایک بہترین بانس کی کیا خوبی ہے؟

A۔ گہرا جامنی ہوتا ہے

B۔ کُھردرا اور بے ہنگم ہوتا ہے

C۔ اس کا رنگ خود بہ خود ہلکا ہوتا جاتا ہے

D۔ اس پر رنگ و روغن کم خرچ ہوتا ہے

AKU-EB May Examination 2017

13۔ مصنّفہ کا دل چاہتا تھا کہ وہ بانس کے

A۔ گلدان میں پھول سجائیں۔
B۔ لیمپ اور ٹوکریاں تحفے میں دیں۔
C۔ صرف اور صرف فرنیچر بنوائیں۔
D۔ جھولے میں سارا وقت گزاریں۔

14۔ عبارت کے مطابق مصنّفہ کو ٹوکیو میں خریدوفروخت کا مزا کیوں آتا ہے؟

A۔ دکانیں بہت خوبصورت ہیں
B۔ خریداروں کا ذوق اعلیٰ ہے
C۔ مختلف انداز کی بے تحاشا چیزیں ہیں
D۔ فروخت کرنے والوں کا انداز بہت خوب ہے

15۔ مصنّفہ کو ٹوکیو میں خرید و فروخت کے مزے سے بڑھ کر بھی جو بات پسند آئی وہ تھی / تھے

A۔ موسیقی کی محفلیں۔
B۔ مشہور فن پاروں کی نمائش۔
C۔ ہر قسم کے پالتو جانور۔
D۔ دل کش کاغذ اور رِبن سے لپٹی اشیاء۔

16۔ سنی گئی عبارت کے آخری حصّے کے مطابق مصنّفہ کا دل کیا چاہتا تھا؟

A۔ اُن کے پاس کئی تحفے ہوں
B۔ فوراً چیز خرید لی جائے
C۔ کاغذ رکھ لیں اور چیز پھینک دیں
D۔ سارا گھر حسین کاغذ سے سجا لیں

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

AKU-EB May Examination 2017

**دوسرا جُز : تفہیم عبارت خوانی:** اس حصّے کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس 20 منٹ ہیں۔

**پہلا اقتباس:**

کیوں صاحب!

یہ چچا بھتیجا ہونا اور شاگردی و اُستادی سب پر پانی پھر گیا۔ اگر کوئی ہزار پانسو کی چیز ہوتی اور میں تم سے مانگتا، تو خدا جانے تم کیا غضب ڈھاتے؟ میرا کلام، خرید آٹھ دس روپے کی۔ سو وہ بھی میں یہ نہیں کہتا کہ مجھ کو دے ڈالو۔ تم کو مبارک رہے۔ مجھ کو مستعار دو۔ میں اُس کو دیکھ لوں۔ جو میرے پاس نہیں ہے، اُس کو نقل کرلوں۔ پھر تم کو واپس بھیج دوں۔ اس طرح کی طلب پر نہ دینا دلیل اس کی ہے کہ مجھ کو جھوٹا جانتے ہو۔ میرا اعتبار نہیں یا یہ کہ مجھ کو آزار دینا اور ستانا بہ دل منظور ہے۔ وہ کتاب ابھی میرے آدمی کو دے دو۔ باللہ و اللہ! میں ان میں سے جو میرے پاس نہیں ہے، نقل کر کے تم کو بھیج دوں گا۔ اگر تم کو واپس نہ دوں تو مجھ پر لعنت۔ اگر تم میری قسم کو نہ مانو اور کتاب حاملِ رقعہ کو نہ دو تو تم کو آفرین!

غالب

**پہلے اقتباس سے متعلق سوالات:**

17۔ درج بالا خط کی نوعیت کیا ہے؟

A۔ جوابی ہے

B۔ تعزیتی ہے

C۔ تہنیتی ہے

D۔ دعوت نامہ ہے

18۔ غالب کے اس خط کے ابتدائی جملے میں کیا چھپا ہے؟

A۔ دُکھ

B۔ محبت

C۔ مزاح

D۔ فخر

19۔ غالب مکتوب الیہ سے کیا چیز مانگ رہے ہیں؟

A۔ اپنا کلام

B۔ پانسو روپے

C۔ ہزار روپے

D۔ دیا گیا اُدھار

AKU-EB May Examination 2017

20۔ غالب مکتوب الیہ سے وہ چیز اس لیے مانگنا چاہتے ہیں کیوں کہ وہ

A۔ دل کی تسلّی چاہتے ہیں۔
B۔ کس انداز کی ہے، دیکھنا چاہتے ہیں۔
C۔ اپنی لائبریری کی زینت بنانا چاہتے ہیں۔
D۔ جو خود کے پاس نہیں ہے، اسے لکھنا چاہتے ہیں۔

21۔ مکتوب الیہ سے غالب نے مطلوبہ شے کی واپسی کے لیے کیا کہا؟

A۔ ہر صورت لوٹا دوں گا
B۔ نقل کر کے واپس کردوں گا
C۔ کسی صورت واپس نہیں کروں گا
D۔ جب دوسری چیز مل جائے تب لوٹا دوں گا

22۔ غالب کے نزدیک مکتوب الیہ طلب کردہ شے کیوں نہیں دینا چاہتے؟

A۔ غالب کو غیر معتبر جانتے ہیں
B۔ کیوں کہ اس کی ایک ہی جلد ہے
C۔ مکتوب الیہ کسی بات کا بدلہ لے رہے ہیں
D۔ کیوں کہ وہ خود ان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتے ہیں

23۔ 'اس طرح کی طلب پر نہ دینا دلیل اس کی ہے کہ مجھ کو جھوٹا جانتے ہو۔'

درج بالا جملہ اس بات کی گواہی دے رہا ہے کہ غالب کا یہ خط

A۔ چچا کے نام لکھا گیا ہے۔
B۔ اپنے استاد کو لکھا گیا ہے۔
C۔ کلام کے منظر عام آنے پر لکھا گیا ہے۔
D۔ اپنے کلام کو مانگنے کے لیے دوبارہ لکھا گیا ہے۔

AKU-EB May Examination 2017

**دوسرا اقتباس:**

بڑھاپا اکثر بچپن کا دورِ ثانی ہوا کرتا ہے، بوڑھی کاکی میں ذائقے کے سوا کوئی حِس باقی نہ تھی اور نہ اپنی شکایتوں کی طرف مخاطب کرنے کا رونے کے سوا کوئی دوسرا ذریعہ۔ آنکھیں، ہاتھ، پیر سب جواب دے چکے تھے۔ زمین پر پڑی رہتیں اور جب گھر والے کوئی بات ان کی مرضی کے خلاف کرتے، کھانے کا وقت ٹل جاتا یا مقدار کافی نہ ہوتی یا بازار سے کوئی چیز آتی اور انھیں نہ ملتی تو رونے لگتی تھیں اور ان کا رونا محض بسورنا نہ تھا۔ وہ با آواز بلند روتی تھیں۔ ان کے شوہر کو مرے ہوئے ایک زمانہ گزر گیا۔ سات بیٹے جوان ہو ہو کر داغ دے گئے اور اب ایک بھتیجے کے سوا دنیا میں ان کا کوئی اور نہ تھا۔ اسی بھتیجے کے نام انھوں نے ساری جائداد لکھ دی تھی۔ ان حضرت نے لکھاتے وقت تو خوب لمبے چوڑے وعدے کیے، لیکن وہ وعدے صرف اور صرف سبز باغ تھے۔ اگرچہ اس جائداد کی سالانہ آمدنی ڈیڑھ دو سو روپے سے کم نہ تھی، لیکن بوڑھی کاکی کو اب پیٹ بھر روکھا دانہ بھی مشکل سے ملتا تھا۔ بدھ رام طبیعت کے نیک آدمی تھے، لیکن اُسی وقت تک کہ ان کی جیب پر کوئی آنچ نہ آئے۔ رُوپا طبیعت کی تیز تھی، لیکن ایشور سے ڈرتی تھی، اس لیے بوڑھی کاکی پر اس کی تیزی اتنی نہ کھلتی تھی جتنی بدھ رام کی نیکی۔

(مصنف پریم چند: افسانہ ’بوڑھی کاکی‘ سے اقتباس)

**دوسرے اقتباس سے متعلق سوالات:**

24۔ ’بڑھاپا اکثر بچپن کا دورِ ثانی ہوا کرتا ہے‘ سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

A۔ بچپن کا دور بہت اچھا ہوتا ہے

B۔ بوڑھا اور بچہ برابر ہو جاتا ہے

C۔ بوڑھا بچے سے بڑھ کر ہوتا ہے

D۔ بچہ بوڑھے سے زیادہ عزیز سمجھا جاتا ہے

25۔ بوڑھی کاکی میں وہ کون سی حِس تھی جو ابھی تک باقی تھی؟

A۔ ذائقے کی

B۔ سننے کی

C۔ دیکھنے کی

D۔ محسوس کرنے کی

26۔ بوڑھی کاکی دوسروں کو اپنی جانب کس انداز میں متوجہ کرتی تھیں؟

A۔ آواز لگا کر

B۔ منہ بسور کر

C۔ اونچی آواز میں رو کر

D۔ شکایتی انداز میں چلّا کر

AKU-EB May Examination 2017

27۔ عبارت کے مطابق بوڑھی کاکی کی صحت کیسی تھی؟

A۔ بہترین
B۔ تسلّی بخش
C۔ کچھ ناساز
D۔ انتہائی خستہ حال

28۔ بوڑھی کاکی کو کس بات پر رونا آتا تھا؟

A۔ جب شوہر کی یاد ستاتی تھی
B۔ جب جائیداد چھن جانے کا دکھ ستاتا تھا
C۔ جب گھر والے کھانے کو نہیں دیتے تھے
D۔ جب انھیں مرے ہوئے بیٹے یاد آتے تھے

29۔ عبارت کے مطابق بدھ رام فطرۃً کیسا تھا؟

A۔ کنجوس
B۔ غنی
C۔ نیک
D۔ تیز

30۔ ’رُوپا طبیعت کی تیز تھی لیکن ایشور سے ڈرتی تھی، اس لیے بوڑھی کاکی پر اس کی تیزی اتنی نہ کھلتی تھی جتنی بدھ رام کی نیکی۔‘

درج بالا جملے میں مصنّف نے بدھ رام پر / کی

A۔ طنز کیا ہے۔
B۔ تعریف کی ہے۔
C۔ تنقید کی ہے۔
D۔ جرح کی ہے۔

اختتام

AKU-EB May Examination 2017

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017